# پہلی جمعرات ۔ لیلتہ الرغائب / لیلتہ الرجب

بتایا گیا ہے کہ جو شخص سونے سے پہلے سورہ یٰسین کی تلاوت کریگا اور لیلتہ الرغائب کے اعمال بجالائیگا اسکو قبر کی وحشت سے نجات ملے گی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ان دعاؤں اور نمازوں کا مطلب یہ کہ خدا ہمیں شب اول قبر کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔ اور روز قیامت اس کا بہترین اجر و پاداش دے گا۔ کہ جب ہمیں اُس کی اشد ضرورت ہوگی۔ یہ اعمال ہمارے گناہوں کی معافی کا ذریعہ ہیں اور قبر کی پہلی رات کو اللہ اپنے سب سے روشن، فصیح اور بہترین طریقے سے نوازے گا۔ جب پوچھا گیا.... تو بتایا...." میرے بندے تجھے خوشخبری ہے کہ تجھے ہر خوف اور پریشانی سے نجات مل گئی ہے۔ جب پوچھا گیا، "آپ کون ہیں؟" "اللہ کی قسم میں نے آپ سے زیادہ خوبصورت آدمی نہیں دیکھا، میں نے آپ سے زیادہ پیاری آواز نہیں سنی، اور آپ سے زیادہ خوشبو میں نہیں جانتا" جواب آیا، "میں .... تمھاری وہ عبادت ہوں جو تم نے ماہ رجب کی پہلی جمعرات کی رات کو کیا تھا، میں تمھارے پاس آئی ہوں تمھارے تنہائی میں ساتھ دینے کے لئے تاکہ تم سے خوف اور دہشت دور ہو جائے، تم بالکل اطمینان سے ہو جاؤ کیونکہ میرا سایا تمھارے ساتھ اس وقت تک رہے گا جب تک قیامت کے روز کا بیگل نہیں بجادیا جاتا"

**اعمال کا طریقہ**

یہ کہا گیا ہے کہ رجب کی پہلی جمعرات کا روزہ رکھے، مغرب اور عشاء کی نمازوں کے بیچ 12 رکعت نماز 2 -2 رکعت کرکے 6 بار پڑھے، جسکی نیّت "نماز رجا" ہوگی

ہر رکعت میں **سورہ الحمد** کے بعد 3 بار **سورۂ القدر** اور پھر 12 مرتبہ **سورۂ اخلاص** پڑھے

جب یہ نماز پوری ہو جائے تو یہ پڑھے :

| | |
|---|---|
| 70 مرتبہ پڑھیں | |
| اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الأُمِّـيِّ وَعَلَى آلِهِ. | اے اللہ امی نبی محمّد اور انکی اولاد پر اپنا درود وسلام بھیج |
| پھر سجدے میں جائیں اور 70 مرتبہ پڑھیں | |
| سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلائِكَةِ وَالرُّوحِ. | پاک ہے وہ ذات جو سب سے زیادہ مقدّس فرشتوں اور روحوں کا رب ہے |
| پھر سیدھا بیٹھیں اور 70 مرتبہ کہیں | |
| رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَـمُ، إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيُّ الأَعْظَمُ. | اے رب! معاف کرنا، رحم فمادے اور مہربان ہوا سکے بارے میں جو تو خوب جانتا ہے، بیشک تو ہی شاندار کامل اور غلبہ والا ہے |
| پھر سجدہ میں جائیں اور 70 مرتبہ پڑھیں | |
| سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلائِكَةِ وَالرُّوحِ. | پاک ہے وہ ذات جو سب سے زیادہ مقدّس فرشتوں اور روحوں کا رب ہے |

دوسرے مفید اعمال

- رجب مہینے میں 4 دن کا روزہ رکھنے سے قبر کی وحشت سے نجات ملتی ہے
- جو رجب کے مہینے میں 6 دن کا روزہ رکھے گا اسکو قیامت کے دن سکون ہوگا اور وہ پل سرات سے آسانی سے پار ہو جائیگا